## ایم کیوایم پر دہشت گردی کا بہتان لگانے والی جماعت اسلامی ہی دراصل ملکی وغیر ملکی دہشت گردوں کی سر پرست ہے۔ارکان قومی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

## پاکستان سے القاعدہ کے تمام دہشت گرد جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سے ہی گرفتار کئے گئے

## اے پی ڈی ایم عوام کی مسترد کردہ جماعتوں اور تانگہ پارٹیوں کا ٹولہ ہے جنہیں عوام بری طرح مسترد کر چکے ہیں

## لیاقت بلوچ اوران جیسے دیگر رہنما سیاسی بالغ نظری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسروں پر بلا جواز کیچڑ اچھالنے سے گریز کریں

## جماعت اسلامی کے رہنما لیاقت بلوچ کی جانب سے ایم کیوایم کے خلاف مغلظات پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔9 جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے اسلام آباد میں اے پی ڈی ایم کے اجلاس کے بعد کی جانے والی پریس کانفرنس میں ایم کیوایم کے خلاف جماعت اسلامی کے رہنما لیاقت بلوچ کی بیجا الزام تراشیوں اور مغلظات کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں ایم کیوایم کے ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ اے پی ڈی ایم عوام کی مسترد کردہ جماعتوں اور تانگہ پارٹیوں کا ٹولہ ہے جنہیں عوام ایک بار نہیں بلکہ ہر عام انتخاب میں بری طرح مسترد کر چکے ہیں۔18 فروری کے عام انتخابات کے موقع پر بھی اے پی ڈی ایم نے عوام سے انتخابات کا بائیکاٹ کرنے کی اپیل کی تھی لیکن عوام نے اے پی ڈی ایم نامی اس ٹولے کا ہی بائیکاٹ کر دیا اور عام انتخابات میں بھرپور حصہ لیا۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ جو ٹولہ عوام کا مسترد کردہ ہو اور جسے عوام کا مینڈیٹ حاصل نہ ہوا سے عوام کی نمائندہ اور بھرپور مینڈیٹ رکھنے والی جماعتوں پر انگلی اٹھانے کا کوئی حق نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر دہشت گردی کا بہتان لگانے والی جماعت اسلامی ہی دراصل ملکی وغیر ملکی دہشت گردوں کی سر پرست ہے، یہ بات بھی ریکارڈ پر ہے کہ پاکستان سے القاعدہ کے جتنے بھی نامی گرامی دہشت گرد پکڑے گئے وہ جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سے ہی گرفتار کئے گئے اور جس نے کبھی بھی خودکش حملے کرنے والوں کی مذمت نہیں کی۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ملک وقوم کے مفاد اور عوام کی خدمت کرنے والی ایم کیوایم پر تو دہشت گردی کا بہتان لگا رہی ہے لیکن وہ صوبہ سرحد میں سیکوریٹی فورسز کے قافلوں پر حملے، بم دھماکوں، فوج اور سیکوریٹی فورسز کے اہلکاروں کو قتل کرنے، مخالف عقائد رکھنے والے بے گناہ شہریوں کو اغوا کر کے انکے سر قلم کرنے والے سفاک دہشت گردوں کی کھل کر حمایت کر رہی ہے۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم دراصل جماعت اسلامی کے اعصاب پر سوار ہے اسی لئے اسے ایم کیوایم کے علاوہ کچھ نظر نہیں آرہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک نازک صورتحال سے گزر رہا ہے مگر اے پی ڈی ایم کے رہنما اس کا احساس کرنے کے بجائے سیاسی مخالفت کی بنیاد پر بیجا الزام تراشیوں اور سیاسی ماحول میں آگ لگانے پر تلے ہوئے ہیں جس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ لیاقت بلوچ اوران جیسے دیگر رہنما ہوش کے ناخن لیں اور سیاسی بالغ نظری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسروں پر بلا جواز کیچڑ اچھالنے سے گریز کریں۔

## فرقہ واریت پھیلانے والے شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے، محمد عون نقوی

## عالم دین محمد عون نقوی سے شعیب بخاری ایڈوکیٹ کی ملاقات

کراچی۔۔۔9، جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے شہر میں قیام امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے مختلف مکاتب سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔اس سلسلے میں منگل کے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری نے معروف شیعہ عالم دین جناب محمد عون نقوی سے ملاقات کی اوران سے موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے اراکین مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی، انور رضا اور ناصر یامین بھی ان کے ہمراہ تھے۔محمد عون نقوی نے شعیب احمد بخاری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کالعدم جماعتوں اور طالبان مزاج شر پسند عناصر کو رعایت دینا قابل تشویش ہے۔انہوں نے کہا کہ شر پسند عناصر کی جانب سے کراچی کی دیواروں پر شر انگیز چاکنگ کر کے مذہبی منافرت اور فرقہ واریت کو ہوا دی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہئے کہ ایسے شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے اور شہر کا امن برقرار رکھنے کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں طالبانائزیشن اور فرقہ واریت کے خلاف قائد تحریک جناب الطاف حسین کے عملی کردار کو مثالی قرار دیتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی واحد جماعت ہے جو فرقہ واریت اور مذہبی انتہاء پسندی کے سامنے دیوار بنی ہوئی ہے۔

## سندھ بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن کوکسی بھی قیمت پرقبول نہیں کریں گے ، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔9، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ سندھ اور کراچی میں طالبانائزیشن ، ملک وقوم کیلئے سب سے بڑا چیلنج ہے اور سندھ کے حق پرست اور باشعور عوام سندھ بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن کوکسی بھی قیمت پرقبول نہیں کریں گے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دین اسلام ، امن وسلامتی اوراعتدال پسندی کا درس دیتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام مسلمان ہیں اورانہیں ڈنڈابردار اور کلاشنکوف بردار شریعت کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جوعناصر کراچی کو مذہبی انتہاء پسندی کا گڑھ بنانے کی سازش کررہے ہیں وہ کراچی کی معیشت تباہ کرکے پاکستان کے خلاف گھناؤنی سازش کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد ، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ سندھ بالخصوص کراچی میں مذہبی انتہاء پسندوں کی نقل مکانی کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور کراچی میں طالبانائزیشن کے عمل کوناکام بنانے کیلئے ٹھوس ، مثبت اورعملی اقدامات کئے جائیں ۔

## ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر کے شہید کارکن ذکی احمد کی صاحبزادی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 22 کے شہید کارکن ذکی احمد کی صاحبزادی ثمینہ ذکی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ ( آمین )

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پرایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے تین کارکنان اخراج
## لیاقت آباد اور سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے چار کارکنان کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا

کراچی۔۔۔9، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 کے کارکن ادریس حسین ولد رئیس حسین ، ایم کیوایم لیاقت آباد یونٹ 157 کے کارکنان فیاض احمد ولد عبدالغفار اورمحمد حفیظ ولد محمد حنیف کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزیوں پرایم کیوایم لیاقت آباد یونٹ 157 کے کارکن سید مہتاب علی ولد سید آفتاب علی ، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 160 کے کارکن ایس ایم طیب ولد محمد الیاس ، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر خدا کی بستی یونٹ کے کارکنان اکبرحسین ولد غلام اکبر اورمحمد شفیع ولد محمد ایوب کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پرسختی سے عمل کرتے ہوئے خارج اورمعطل کیے گئے مذکورہ تمام افراد سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں ۔

## ایم کیوایم عمرکوٹ کی زونل کمیٹی کے رکن مقصود احمد کے صاحبزادے کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔9، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم عمرکوٹ زون کی زونل کمیٹی کے رکن مقصود احمد کے صاحبزادے پانچ سالہ انمق مقصود کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں کی صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کوصبر جمیل عطا کرے ۔ ( آمین ) دریں اثناء مرحوم کو بعد نماز ظہر مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردگیا ۔ نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی ، عمرکوٹ کے تعلقہ ناظم ، ایم کیوایم عمرکوٹ کی زونل کمیٹی کے ارکان ، سیکٹرز اور یونٹوں کے ذمہ داران ، کارکنان ، ہمدردوں اورمرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

☆☆☆☆☆